اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْن اَمَّا بَعْد فَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# معروضی عبارات

# برائے کتاب تاریخ الخلفاء

- منقاد کے معنی ہیں : سونا چاندی پرکھنے کی کسوٹی اور فرمانبردار۔
- آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نماز میں آگے کیا تھا۔
- آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : امام قریش میں سے ہونا چاہیے۔
- حکومت قریش کیلئے ہیں۔
- قضاء انصار کیلئے ہیں۔
- اذان اہل حبشی کیلئے ہیں۔
- حکومت تیس برس تک ہوگی۔
- تم پر بارہ خلیفہ ہونگے جن پر تمام امت کا اجماع ہوگا۔
- ابوالفضل حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ہے۔
- کعب بن زہیر نے اپنا قصیدہ بانت سعاد نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پڑھ کر سنایا۔
- حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سب سے پہلے امیر المومنین کے لقب سے ملقب ہوئے۔
- تاریخ ہجری حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مقرر کی۔
- امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سب سے پہلے ولی عہد مقرر کیا۔
- الناصر لدین اللہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا لقب ہے۔
- حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا سلسلہ نسب مرہ سے جاکر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتا ہے۔
- خون بہا اور جرمانہ کا کام حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سپرد تھا۔
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سات ایسے غلاموں کو آزاد کیا جنھیں اللہ ورسول عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانے کی وجہ سے عذاب دیا جاتا تھا۔
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کا نام عثمان ابو قحافہ تھا۔
- اہلسنت کا اس بات پر اجماع ہے کہ آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے افضل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے۔
- حضرت ابو بکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما انبیاء ومرسلین علیہم الصلوۃ والسلام کے سوا جنت کے تمام اولین وآخرین اصیڑوں کے سردار ہونگے۔
- علم الفرائض کو سب سے زیادہ جاننے والے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ہیں۔
- آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نیک خصلتیں 360 ہیں۔
- حدیث مبارکہ میں ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی محبت اور ان کا شکر تمام امت پر واجب ہے۔
- آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سن 11 ہجری میں ہوئی۔
- حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا نے رمضان المبارک میں 24 سال کی عمر میں وفات پائی۔
- اجنادین کا واقعہ جمادی الاولی 60 ہجری کو ہوا۔
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سب سے پہلے خلیفہ ہیں جن کیلئے رعیت نے کچھ روزینہ مقرر کیا۔
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے 63 سال کی عمر میں وفات پائی۔

مجلس تعلیمی امور (جامعات المدینہ گرلز)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِین وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرسَلِین اَمَّا بَعد فَاَعُوذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیم ط بِسمِ اللہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم ط

- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے 13 ہجری 22 جمادی الاخری کو وفات پائی۔
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نماز جنازہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پڑھائی۔
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دو سال سات ماہ خلافت کی۔
- پانچویں دفعہ چور کو قتل کر دو۔
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا عورتوں کو دو چیزوں نے ہلاک کیا: سونا اور زعفران۔
- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے خواب دیکھا گویا کہ ان کے گھر میں تین چاند آپڑے ہیں۔
- حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نسب میں فرد تھے۔
- حضرت عمر رضی اللہ عنہ امر خدا میں قوی ہونے میں فرد تھے۔
- حضرت علی رضی اللہ عنہ قضا میں فرد تھے۔
- حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ قرات میں فرد تھے۔
- امام بخاری علیہ الرحمہ حدیث پرکھنے میں فرد تھے۔
- خطیب بغدادی علیہ الرحمہ تیز پڑھنے میں فرد تھے۔
- فضیل بن عیاض علیہ الرحمہ عبادت میں فرد تھے۔
- جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسلام لائے تو مکہ میں اسلام ظاہر ہوا۔
- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے 539 احادیث روایت کی۔
- آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے خصوصاً حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیلئے دعا فرمائی کہ انہیں مسلمان کر کے اسلام کو عزت دے۔
- سب سے پہلے مہدی نے مخالفین اسلام کے جواب میں کتابیں تصنیف کرنے کا حکم دیا۔
- حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ کا لقب المعصوم باللہ تھا۔
- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تراویح کو جماعت کے ساتھ پڑھنے کا حکم دیا۔
- حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جمعہ کی پہلی اذان زیادہ کی۔
- مؤذنوں کی تنخواہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مقرر کی۔
- بنی عباس کو فاتحہ، واسطہ اور خاتمہ کہتے ہیں۔
- میری امت میں سب سے سخی اور حلم والے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ ہیں۔
- ابو دردا رضی اللہ عنہ میری امت میں سب سے زیادہ عابد اور پرہیزگار ہیں۔
- حلال و حرام کو سب سے زیادہ جاننے والے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ہیں۔
- اس امت کے امین حضرتِ ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ ہیں۔
- آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے آسمانی وزیر جبرائیل و میکائیل علیہما السلام ہیں۔
- مالک علم میں فرد ہے۔
- ابن سینا فلسفہ میں فرد تھے۔
- ابن سیرین علیہ الرحمہ تفسیر میں فرد تھے۔
- ابو حنیفہ علیہ الرحمہ فقہ میں فرد تھے۔
- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حیا میں فرد تھے۔
- جنید رضی اللہ عنہ تصوف میں فرد تھے۔

مجلس تعلیمی امور (جامعات المدینہ گرلز)

- حریری مقامات میں فرد تھے۔
- علی بن مدینی علل میں فرد تھے۔
- خالد بن ولید رضی اللہ عنہ شجاعت میں فرد تھے۔
- اشعری علم کلام میں فرد تھے۔
- نافع قرات میں فرد تھے۔
- علی بن ہلال خط میں فرد تھے۔
- قاضی فاضل انشاء میں فرد تھے۔
- حدیث مبارکہ میں ہے سورہ یسین مطعہ کہلاتی ہے۔
- حدیث مبارکہ میں ہے میری امت کے ستر ہزاد فرد بغیر حساب جنت میں جائیں گے۔
- بادشاہ عادل کو ہر رات دن میں ستر صدیقوں کا ثواب ملتا ہے۔

# معاون سوالات

- فاتحہ 'واسطہ' خاتمہ سے کیا مراد ہے؟
- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی کو واضح الفاظ میں خلیفہ مقرر نہ کرنے کی حکمت کیا تھی؟
- خلافت صدیقی کے حق ہونے پر اس انداز سے دلائل پیش کریں کہ روافض کے باطل مؤقف کا رد ہو جائے۔
- حدیث شریف میں قریش کی کیا خصوصیات بیان فرمائیں؟
- اسلام میں خلافت کی مدت کتنی ہیں؟
- بارہ خلفاء سے کون مراد ہیں کسی دو اقوال کی روشنی میں تحریر کریں۔
- خلافت بنو عباس کے لیے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر غیب کی کوئی ایک مثال تحریر کریں۔
- اوّلیات صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تحریر کریں۔
- اوّلیات عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ تحریر کریں۔
- اوّلیات عثمان غنی رضی اللہ عنہ تحریر کریں۔
- کسی 3 خلفاء کے نام مع لقب تحریر کریں۔
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عتیق کہنے کی 5 وجوہات تحریر کریں۔
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صدیق کہنے کی وجہ تحریر کریں۔
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں امام نووی کے ذکر کردہ کوئی دس فضائل و مناقب تحریر کریں۔
- خلفائے اربعہ علیہم الرضوان میں سے کسی ایک خلیفہ کی حالات زندگی پر جامع نوٹ لکھیں۔
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا حلیہ مبارک تحریر کریں۔
- بعض کے نزدیک حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ سب سے پہلے ایمان لائے 'بعض کے نزدیک حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا 'بعض کے نزدیک حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے ایمان قبول کیا۔ کیا ان اقوال میں تطبیق ممکن ہے اگر ہے تو کیسے؟
- پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ہم نشینی پر جامع نوٹ لکھیں؟
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انفاقِ مال کی کیفیت پر 2 احادیث مبارکہ تحریر کریں؟
- شان صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تحریر کریں۔

اَلۡحَمۡدُلِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالۡمُرۡسَلِیۡن اَمَّا بَعۡد فَاَعُوۡذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡم ط بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

1۔ قرآن کی روشنی میں۔
2۔ حدیث کی روشنی میں۔
3۔ اقوال کی روشنی میں۔

فضائل شیخین کریمین رضی اللہ عنہما احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں تحریر کریں۔

- بیعت صدیق رضی اللہ عنہ کے متعلق واقعہ جامع انداز میں لکھیں۔
- انبیاء کرام علیہم السلام کی وراثت کے متعلق حدیث شریف میں کیا رہنمائی کی گئی؟
- خلافت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہونے والے مندرجہ ذیل واقعات میں سے کوئی دو تحریر کریں۔

1۔ منکرین زکوۃ سے سلوک۔
2۔ منکرین ختم نبوت سے سلوک۔
3۔ جمع قران۔

- حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول: **3 اشخاص سب سے دانا تھے** سے کون کون سی شخصیات مراد ہیں نام تحریر فرمائیں۔
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کن دو گروہوں کے بارے میں فرمایا کہ یہ جنت میں داخل نہیں ہونگے؟
- دجال کا خروج کہاں سے ہوگا؟
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کیلئے دوزخ کی گرمی کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟
- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے کوئی دو فیصلے یا دو اقوال لکھیں۔
- ان 4 اشخاص کے نام لکھیں جو ایک ہی نسل سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مستفیض ہوئے؟
- ایسے پانچ اشخاص کے نام لکھیں جو اپنے زمانے میں کسی فن میں منفرد تھے؟
- کس خلیفہ راشد کے خط سے دریائے نیل جاری ہوگیا؟
- کس خلیفہ راشد کو خلیفہ الرسول کہا جاتا تھا؟
- سخاوت اور بخشش میں کیا فرق ہے؟
- مخالفین اسلام کے جواب میں کتابیں تصنیف کرنے کا حکم کس نے دیا نام تحریر فرمائیں؟
- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو ذوالنورین کہنے کی وجہ تحریر کریں۔
- حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے کن دو اہم مواقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت پر جنت خرید لی؟
- خلیفہ اور بادشاہ میں فرق کریں۔
- حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا حلیہ مبارک تحریر کریں۔
- فضائل فاروق اعظم رضی اللہ عنہ پر جامع نوٹ لکھیں۔
- موافقات عمر رضی اللہ عنہ میں سے دو موافقات تحریر کریں۔
- کرامات عمر رضی اللہ عنہ میں سے دو کرامات جامع انداز میں لکھیں۔
- وہ کونسے صحابی ہے جنہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کسریٰ عرب کہا کرتے تھے؟
- حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے بارے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دو فرامین تحریر کریں۔
- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دس فضائل و مناقب تحریر کریں۔
- حضرت علی رضی اللہ عنہ کی وہ کونسی تین خصوصیات ہیں جن کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔
- حدیث شریف میں جوانان جنت اور جنت کے ادھیڑ عمر لوگوں کے سردار کن شخصیات کو قرار دیا؟

مجلس تعلیمی امور (جامعات المدینہ گرلز)

- حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مطابق فقہ اکبر سے کیا مراد ہے۔
- حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی مدت خلافت لکھیں۔
- حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ' حضرت خدیجہ ' حضرت اسماء سے ' حضرت صفیہ اور حضرت زبیر بن عوام علیہم الرضوان سے کیا رشتہ تھا؟
- امتِ مرحومہ میں سب سے پہلے بادشاہ کون ہوئے؟
- سب سے پہلے بیعت لیتے وقت قسم کھانے کا طریقہ کس نے ایجاد کیا؟
- علم النحو کی بنیاد کس خلیفہ راشد نے رکھی؟
- حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سب سے بڑی تونگری' سب سے بڑی مفلسی' سب سے بڑی وحشت اور سب سے بڑا کرم کن چیزوں کو قرار دیا؟
- کن شخصیات کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا میں اپنے پھول قرار دیا؟
- حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول کے مطابق وہ سات چیزیں کونسی ہیں جو شیطان کی طرف سے ہوتی ہیں؟
- بعد ہجرت مہاجرین کے ہاں سب سے پہلے کس صحابی کی پیدائش ہوئی؟
- درج ذیل میں کسی ایک شخصیت کی حالات زندگی پر جامع نوٹ لکھیں۔

1۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

2۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ

3۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ

- حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا حلیہ مبارک تحریر کریں۔
- اس امت کا سب سے پہلا فتنہ اور سب سے آخری فتنہ کس کو کہا گیا تحریر کریں؟
- امام شعبی کے قول کے مطابق عاقلان عرب کتنے اور کونسے صحابہ کرام علیہم الرضوان ہیں؟
- بعد شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ کے واقعات میں کوئی دو واقعات تحریر کریں۔
- سلیمان بن عبدالملک کی حکومت کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔
- جنگ جمل اور جنگ صفین کی تاریخ پر جامع نوٹ لکھیں۔